AQF / Shabbir

08-07-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی آج Brasillia میں برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula da Silva کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں ملک قابل تجدید توانائی، دہشت گردی سے نمٹنے، زرعی تحقیق اور خفیہ معلومات ایک دوسرے کو فراہم کرنے کے شعبوں میں 4 سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔

2- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بہار کیلئے 4 نئی امرت بھارت ٹرینوں کا اعلان کیا ہے۔

3- امریکہ نے جوابی محصول معطل رکھنے کی مدت 9 جولائی سے بڑھاکر پہلی اگست کردی ہے۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جاپان اور جنوبی کوریا سے درآمد کیے جانے والے سامان پر 25 فیصد محصول کا اعلان کیا ہے۔

4- ناگالینڈ میں مانسون کی انتہائی شدید بارش ہونے سے بڑے پیانے پر تباہی ہوئی ہے۔

5- بھارت کی 19 سال تک کے عمر کے کھلاڑیوں کی کرکٹ ٹیم نے انگلینڈ کے خلاف 5 میچوں کی یوتھ ODI سیریز تین۔دو سے جیت لی ہے۔

6- اور : Sanjog Gupta کو بین الاقوامی کرکٹ کونسل کا نیا چیف ایگزیکیوٹیو افسر مقرر کیا گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-BRAZIL TALKS

وزیراعظم نریندر مودی آج Brasillia میں برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula da Silva کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ جناب مودی Rio de Janerio میں 17وِیں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے کے بعد سرکاری دورے پر کل رات Brasillia پہنچے ہیں۔ برازیل کی راجدھانی پہنچنے پر بھارتی برادری کے لوگوں نے جناب مودی کا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا۔ وزیراعظم نے اپنی اساس سے منسلک رہنے پر بھارتی برادری کے لوگوں کی ستائش کرتے ہوئے

اِسے ایک یادگار استقبال قرار دیا۔ جناب مودی نے کچھ تصویریں شیئر بھی کی ہیں، جن میں پُرجوش بھارتی برادری کے لوگوں کو قومی ترنگا لہراتے ہوئے اور وزیراعظم کا خیر مقدم کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ برازیل کے اُن کے دورے کا Rio مرحلہ بہت مفید رہا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے برکس سربراہ کانفرنس میں تفصیلی تبادلۂ خیال کیا۔ انھوں نے برکس کو اور زیادہ مؤثر بنانے میں اپنی برکس صدارت کے ذریعے کام کرنے پر برازیل کے صدر اور وہاں کی سرکار کی ستائش کی۔ جناب مودی نے کہا کہ عالمی رہنماؤں کے ساتھ اُن کی دو طرفہ بات چیت سے مختلف ملکوں کے ساتھ بھارت کی دوستی کو تقویت ملے گی۔ اِدھر برازیل میں بھارت کے سفیر دِنیش بھاٹیہ نے کہا ہے کہ امید ہے کہ دونوں ملک 4 سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔ اِن میں قابل تجدید توانائی، دہشت گردی سے نمٹنے، زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل ICAR اور برازیل کے ادارے Embrapa کے درمیان زرعی تحقیق اور خفیہ جانکاری ایک دوسرے کو فراہم کرنے اور اُسے محفوظ رکھنے کے شعبوں میں تعاون شامل ہے۔

**Byte : Dinesh Bhatia**

بھارت اور برازیل کے کثیر رخی تعلقات ہیں جنھیں 2006 میں کلیدی ساجھیداری کی سطح پر پہنچایا گیا تھا۔x

## PM MODI-NAMIBIA VISIT

وزیراعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں کل Namibia میں Windhoek پہنچیں گے۔ وہ Namibia کے صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کی دعوت پر یہ دورہ کریں گے۔ یہ جناب مودی کا Namibia کا پہلا دورہ اور بھارت کے کسی وزیراعظم کا تیسرا دورہ ہوگا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کے اِس دورے کا مقصد دو طرفہ تعلقات کے دائرے کو وسعت دینا اور اشتراک کے نئے شعبے تلاش کرنا ہے۔x

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Aparna Khunt**

*بھارت اور Namibia دونوں کی ہی نو آبادیاتی نظام کے خلاف جدوجہد کی تاریخ رہی ہے۔ Namibia کی آزادی سے قبل 1986 میں Namibia کا اولین سفارتی مشن اُس وقت دلی میں قائم کیا گیا تھا۔ آج دونوں ملک مختلف شعبوں میں تعاون کر رہے ہیں، جس میں تجارت، سرمایہ کاری، کانکنی، ڈائمنڈ پروسیسنگ، توانائی، حفظانِ صحت، دفاع، ماحولیات اور صلاحیت سازی شامل ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کی مالیت 60 کروڑ ڈالر ہے جبکہ Namibia میں بھارت کی سرمایہ کاری کی مالیت تقریباً 80 کروڑ ہے۔ ڈجیٹل محاذ پر Namibia دنیا میں ایسا ملک ہے جہاں NPCI بین الاقوامی پیمنٹ لمیٹڈ نے ایک مرکزی بینک کے ساتھ UPI جیسا بروقت ادائیگی نظام قائم کرنے کے لیے ایک تکنیکی سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔ وزیراعظم کے اِس دورے سے دیگر شعبوں میں اشتراک کے*

*نئے شعبے تلاش کرنے میں مدد ملے گی۔ اِن میں زراعت، دواسازی اور ڈجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچہ، جن اوشدھی، روایتی طریقۂ علاج اور آیورویدا جیسے بھارت کے کم لاگت والے حل شامل ہیں۔*

*وِنڈہاک سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں، شمیم عرفان*

**BIHAR-TRAINS**

مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے بہار کے اپنے دورے کے دوران ریاست کیلئے کئی اہم اقدامات کا اعلان کیا ہے، جس سے مسافروں، ریل کنکٹی وِٹی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو فروغ دینے کی سہولیات میں بہتری آئے گی۔ کل بہار کے ایک دن کے دورے کے بعد جناب ویشنو نے پٹنہ میں میڈیا کے افراد سے خطاب کیا۔ سرمایہ کاری اور نئے اقدامات کے ذریعہ بہار کے فروغ کے ویژن کے ساتھ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے بہار کیلئے چار نئی امرت بھارت ٹرینوں کے شروع کئے جانے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ مختلف وندے بھارت اور نمو بھارت ٹرینوں کے بعد وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے بہار کے لوگوں کیلئے یہ ایک اضافی تحفہ ہوگا۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Dharmendra**

*ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ نئی امرت بھارت ٹرینیں پٹنہ سے دِلّی، دربھنگہ سے لکھنؤ، مالدہ سے لکھنؤ اور سہرسہ سے امرتسر ریل راستوں پر چلیں گی۔ جناب ویشنو نے اعلان کیا کہ* **Jogbani** *سے بھی باضابطہ طور پر ایک ٹرین شروع کی جائے گی، تاکہ سیمانچل بہار سے جنوبی بھارت تک کنکٹی وِٹی کو بہتر کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ* **53** *کلو میٹر بھاگلپور- جمالپور تیسری لائن کو جلد ہی منظوری مل جائے گی اور ایک ہزار* **156** *کروڑ روپے کے بجٹ تخمینے کو بھی جلد منظور کیا جائے گا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ* **104** *کلو میٹر طویل بختیارپور- راجگیر -* **Tilaiya** *ریل سیکشن کو دوہرا کئے جانے کیلئے دو ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے بجٹ تخمینے کو بھی منظور کیا جائے گا۔*

*پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

بہار کیلئے ریلویز سے متعلق بنیادی ڈھانچے کے فروغ کی سرمایہ کاری میں جناب ویشنو نے مزید کہا کہ **177** کلومیٹر رامپورہاٹ-بھاگلپور کو دوہرا کرنے کیلئے تین ہزار کروڑ روپے کی رقم جلد ہی منظور کی جائے گی۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت کے اپنے قلمدان کے تحت جناب ویشنو نے کہا کہ بہار کیلئے بھارت کے دو نئے سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس **STPIs** پٹنہ اور دربھنگہ میں تیار ہے، جن کا جلد ہی افتتاح کیا جائے گا۔ **STPIs** پٹنہ تقریباً **53** کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا پروجیکٹ ہے، جبکہ **STPIs** دربھنگہ پر تقریباً **10** کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**US-TARIFF DEADLINE EXTNSN**

امریکہ نے جوابی محصول معطل رکھنے کی مدت 9 جولائی سے بڑھا کر پہلی اگست کردی ہے۔ اِس طرح متاثرہ ملکوں کے امریکہ کے ساتھ عبوری تجارتی سمجھوتے کو حتمی شکل دینے کیلئے مزید وقت مل گیا ہے۔ شروع میں امریکہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے دو اپریل کو اعلان کیا تھا کہ بھارت سمیت کئی ملکوں پر محصولات عائد کیے جائیں گے لیکن اِس پر عمل درآمد 90 دن کیلئے روک دیا گیا تھا اور تجارتی ساجھیدار ملکوں کو کسی اتفاق رائے پر پہنچنے پر 9 جولائی تک کا وقت مل گیا تھا۔

صدر ٹرمپ کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے ذریعے جو نیا اعلان کیا گیا ہے، اُس میں 14 ملکوں پر محصول کی نئی شرحوں کا خاکہ پیش کیا گیا ہے جو پہلی اگست سے نافذ ہوں گی۔ اعلان کے مطابق ملیشیا، تیونیشیا اور قزاخستان سے درآمد ہونے والے سامان پر 25 فیصد محصول نافذ کیا جائے گا، جبکہ جنوبی افریقہ اور بوسنیا ہرزے گووینا پر 30 فیصد، انڈونیشیا کے سامان پر 32 فیصد، سربیا اور بنگلہ دیش کے سامان پر 35 فیصد اور لاؤس اور میانما سے درآمد کی جانے والی اشیا پر 40 فیصد محصول نافذ کیا جائے گا۔ x

**TRUMP TARIFF**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جاپان اور جنوبی کوریا سے درآمد کیے جانے والے سامان پر پہلی اگست سے 25 فیصد محصول نافذ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اِس سے قبل یہ کہا تھا کہ وہ آج ایک درجن ملکوں کے رہنماؤں کو اِس سلسلے میں مراسلے بھیجیں گے۔ امریکی صدر نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم Truth Social پر اِس فیصلے کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے اُن مراسلوں کی نقول بھی پوسٹ کی ہیں جو انھوں نے ہر ملک کے لیڈر کو بھیجے ہیں۔

جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کو بھیجے گئے مراسلوں میں اُنھیں یہ تنبیہ کی گئی ہے کہ وہ اپنے درآمدی ٹیکسوں میں اضافہ کرکے جوابی کارروائی نہ کریں۔ ایسا کرنے پر امریکی انتظامیہ درآمدی ٹیکس میں اضافہ کردے گا، جس سے جاپان اور جنوبی کوریا کے آٹو اور الیکٹرانکس شعبوں پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے تجارتی عدم توازن کو دور کرنے کی اپنی کوششوں کے تحت پانچ دیگر ملکوں، میانما، لاؤس، جنوبی افریقہ، قزاخستان اور ملیشیا پر بہت زیادہ محصولات نافذ کیے ہیں۔x

**INDIA UN AFGHANISTAN**

بھارت نے افغانستان کی صورتحال کے بارے میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی قرارداد پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا اور

اِس بات کو اجاگر کیا کہ نئے اور مخصوص اقدامات کیے بغیر معمول کی طرح کام کاج کا رویہ اختیار کرنے سے وہ نتائج حاصل نہیں ہوسکیں گے، جن کا تصور بین الاقوامی برادری نے افغان عوام کیلئے کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے **Parvathaneni Harish** نے مذکورہ قرارداد پر ووٹنگ کے تعلق سے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت افغانستان کی سیکیورٹی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔

## NAGALAND RAINS

ناگالینڈ میں مانسون کی بارش سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے، جن میں شدید سیلاب، مٹی کے تودے کھسکنے اور مختلف اضلاع سے بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچنے کی اطلاعات شامل ہیں۔ ناگالینڈ کی آفات کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی نے کہا ہے کہ اسے گھروں، سڑکوں، پلوں، دھان کے کھیتوں اور **Jhum** کھیتی کو نقصان پہنچنے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ **DDMA** دیماپور نے، دیماپور میں سیلاب کے بعد مختلف کالونیوں میں امدادی کیمپ قائم کئے ہیں۔ ہوم گارڈس، سول ڈیفنس اور **SDRF** ٹیمیں سرگرمی سے بچاؤ کارروائیاں انجام دے رہی ہیں۔×

## AMARNATH YATRA

شری امرناتھ جی یاترا کا آج چھٹا دن ہے۔ **38** روزہ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا، جو اس مہینے کی تین تاریخ کو شروع ہوئی تھی، جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع میں **Nunwan** پہلگام بیس کیمپ اور وسطی کشمیر کے گاندر بل ضلع میں بال تَل بیس کیمپس کے دونوں راستوں سے بلارکاوٹ جاری ہے۔ یہ پوتر گپھا کشمیر خطے میں ہمالیہ میں تقریباً **12** ہزار **756** فٹ کی اونچائی پر واقع ہے۔

## J&K SKICC SRINAGAR

سیاحت کے مرکزی وزیر گجندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ کشمیر میں پہلگام کے بیسرَن گاؤں میں **22** اپریل کے دہشت گردانہ حملے کے بعد سیاحت کا مکمل طور پر احیاء ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر انتظامیہ اور مرکزی حکومت کی مشترکہ کوششوں کی بدولت عوام کے اعتماد کو بحال کیا جاسکا ہے۔ سری نگر میں نیشنل ٹورزم سکریٹریز کانفرنس کے موقع پر میڈیا سے اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ جموں وکشمیر حکومت کے مستحکم اقدامات کو مرکز نے مدد فراہم کی ہے، جس سے وہاں آنے والے لوگوں اور سیاحت سے متعلقہ فریقوں کے مابین اعتماد کو بحال کرنے میں مدد ملی ہے۔

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج چھتیس گڑھ، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، پنجاب، تلنگانہ، اتراکھنڈ اور وِدربھ میں دور دور تک شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے پیشگوئی کی ہے کہ گنگا کے طاس والے جنوب مغربی، مغربی بنگال اور اس سے متصل علاقوں میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے سے وسطی اور اس سے متصل مشرقی بھارت میں اگلے تین روز کے دوران شدید سے بہت شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے اگلے چار روز کے دوران مغربی ساحل سے متصل ملک کے شمال مغربی حصوں میں موسلادھار بارش کا بھی اندازہ لگایا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج قومی راجدھانی میں ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

**ICC CEO SANJOG GUPTA**

بھارتی براڈکاسٹر سنجوگ گپتا کو انٹرنیشنل کرکٹ کاؤنسل ICC کا نیا چیف ایگزیکیٹو افسر مقرر کیا گیا ہے۔ اُن کی تقرری کا اعلان کرتے ہوئے ICC چیئرمین جے شاہ نے کہا کہ جناب گپتا کھیلوں کے طریقہ کار اور کمرسلائیزیشن میں زبردست تجربے کا استعمال کریں گے، جو ICC کیلئے بیش قیمت ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ICC کی نامزدگیوں سے متعلق کمیٹی نے CEO کے عہدے کیلئے کئی بے مثال امیدواروں پر غور وخوض کرنے کے بعد سنجوگ گپتا کے نام کی اتفاق رائے سے سفارش کی تھی۔

جناب گپتا نے ایک صحافی کی حیثیت سے اپنے کریئر کی شروعات کی تھی، بعد میں انہوں نے مختلف نشریاتی اداروں میں خدمات انجام دیں اور کثیر لسانی ڈیجیٹل فرسٹ اور خواتین پر مرکوز کووریج کے ساتھ کھیلوں کے اپنے پورٹ فولیو کو وسعت دی۔×

**SPORTS RAUNDUP**

بھارت نے انگلینڈ کے خلاف 19 سال سے کم عمر کی پانچ میچوں کی ایک روزہ بین الاقوامی سیریز تین-دو سے جیت لی ہے۔ Worcester میں کھیلے گئے پانچویں اور آخری میچ میں انگلینڈ نے بھارت کو سات وکٹ سے ہرادیا۔ تاہم، آیوش مہاترے کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے یہ سیریز پہلے ہی اپنے نام کرلی تھی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے 9 وکٹ کے نقصان پر 210 رن بنائے، جواب میں میزبان ٹیم نے یہ نشانہ صرف 32 اوورز میں حاصل کرلیا۔ اب بھارتی انڈر-19 ٹیم انگلینڈ کے خلاف دو یوتھ ٹیسٹ میچ کھیلے گی، جوکہ 12 جولائی سے برمنگھم میں شروع ہوگا۔

ٹینس میں عالمی نمبر ایک Jannik Sinner ڈرامائی صورتحال کی وجہ سے ومبلڈن کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں، کیونکہ ان کے حریف کھلاڑی کو چوٹ کی وجہ سے میچ سے الگ ہونا پڑا۔ اس سے پہلے 24 بار کے گرینڈ سلیم چمپئن نواک جوکووِچ نے آسٹریلیا کے Alex de Minaur کو ایک-چھ، چھ-چار، چھ-چار، چھ-چار سے ہراکر ریکارڈ 16 ویں بار کوارٹر فائنل میں

جگہ بنالی۔×

**FOOTBALL-WOMEN ASIAN CUP**

تھائی لینڈ میں AFC خواتین کے پہلے ایشین کپ کوالیفائرس میں کامیاب مہم کے بعد واپسی پر سینئر انڈین وِویمنس نیشنل فٹبال ٹیم کا نئی دلّی کے اندرگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر شاندار خیر مقدم کیا گیا۔ اس سے پہلے آل انڈیا فٹبال فیڈریشن AIFF نے کوالیفائرس میں اُن کی شاندار کارکردگی کے بعد ٹیم کیلئے 43 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا تھا۔ بھارتی ٹیم نے منگولیا، Timor-Leste، عراق اور میزبان تھائی لینڈ کے خلاف سبھی چار میچ میں جیت حاصل کی۔ بھارت اب اگلے سال مارچ میں آسٹریلیا میں منعقد ہونے والے AFC خواتین ایشین کپ میں مقابلہ کرے گا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے برکس سربراہ اجلاس سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے کہ برکس اجلاس میں دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے عزم کا اعادہ، اعلامیہ میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت، دہشت گردی کو قطعی برداشت نہ کرنے کی اپیل۔ وزیرِاعظم مودی نے برکس سربراہ اجلاس میں کیوبا، ملیشیا، ویتنام اور دیگر ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کیں۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے، بہار میں ووٹر لسٹ نظرِثانی معاملے کی سپریم کورٹ میں ہوگی 10 جولائی کو سماعت۔

اخبار انقلاب نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ ''دفاعی شعبہ بھی اب ایک موَثر سرمایہ کاری کا ذریعہ'' ہے۔ ہندوستان ایکسپریس نے جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ پاکستان کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ اسرائیل کے یمن پر نئے فضائی حملے، حوثیوں کی جوابی کارروائی۔

☆ ٹیکساس میں سیلاب سے اموات 78 تک پہنچیں، سمرکیمپ سے لاپتہ لڑکیوں کی تلاش جاری۔

☆ نائیجیریا میں سڑک حادثہ، 21 افراد ہلاک۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج Brasillia میں برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula da Silva کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں ملک قابل تجدید توانائی، دہشت گردی سے نمٹنے، زرعی تحقیق اور خفیہ معلومات ایک دوسرے کو فراہم کرنے کے شعبوں میں 4 سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔

2- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بہار کیلئے 4 نئی امرت بھارت ٹرینوں کا اعلان کیا ہے۔

3- امریکہ نے جوابی محصول معطل رکھنے کی مدت 9 جولائی سے بڑھاکر پہلی اگست کردی ہے۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جاپان اور جنوبی کوریا سے درآمد کیے جانے والے سامان پر 25 فیصد محصول کا اعلان کیا ہے۔

4- ناگالینڈ میں مانسون کی انتہائی شدید بارش ہونے سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔

5- بھارت کی 19 سال تک کے عمر کے کھلاڑیوں کی کرکٹ ٹیم نے انگلینڈ کے خلاف 5 میچوں کی یوتھ ODI سیریز تین۔دو سے جیت لی ہے۔

6- اور : Sanjog Gupta کو بین الاقوامی کرکٹ کونسل کا نیا چیف ایگزیکیوٹیو افسر مقرر کیا گیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------